StudentBounty.com 2010

Roll No. | | | | | |        Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________        Sig. of Invigilator.____________

# اُردو(لازمی) ۔ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) مسلمانوں نے ہمیشہ کس چیز کو اپنا شیوہ بنایا؟

الف۔ محبت　ب۔ اخوت　ج۔ رواداری　د۔ مساوات

(ii) راسخ عظیم آبادی کا شعر سُن کر مرزا سودا نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟

الف۔ شاباش دی　ب۔ انعام سے نوازا　ج۔ جواب میں شعر کہا　د۔ اُٹھ کر گلے لگالیا

(iii) سبق 'شاعروں کی باتیں' مولانا محمد حسین آزاد کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

الف۔ توبۃ النصوح　ب۔ آبِ حیات　ج۔ طوفانِ اشک　د۔ کن رس

(iv) '' یہ پری چہرہ لوگ '' سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

الف۔ غلام عباس　ب۔ علامہ راشد الخیری　ج۔ ڈپٹی نذیر احمد　د۔ ابنِ انشا

(v) غضنفر صاحب نے ریڈیو سے نشر کرنے کے لیے کتنی تقریریں لکھیں؟

الف۔ ایک　ب۔ دو　ج۔ تین　د۔ چار

(vi) تمام دن رہٹ کھینچتے کھینچتے احسان دانش کے بازوؤں اور رانوں پر کیا اثر ہوا؟

الف۔ سوج گئیں　ب۔ اکڑ گئیں　ج۔ ٹوٹ گئیں　د۔ دکھنے لگیں

(vii) نظم ''طلوعِ اسلام '' میں علامہ اقبالؒ نے 'مُرغِ حرم' کسے کہا ہے؟

الف۔ انسان　ب۔ مسلمان　ج۔ عرب کے لوگ　د۔ ایرانی

(viii) نظم ''شانِ تقویٰ '' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ رفیق خاور　ب۔ دلاور فگار　ج۔ میر ببر علی انیس　د۔ حفیظ جالندھری

(ix) شاعر فراق گورکھپوری کے مطابق عشق کیا ہے؟

الف۔ دوستی　ب۔ تعلق　ج۔ توفیق　د۔ ضروری

(x) ناصر کاظمی کے مطابق 'دفینہ' سے کیا مُراد ہے؟

الف۔ دفن کیا ہوا　ب۔ دفن کرنا　ج۔ خزانہ　د۔ مال متاع دفنانا

(xi) ''اُمِ کلثوم '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ عرف　ب۔ کُنیت　ج۔ خطاب　د۔ لقب

(xii) '' مت رو '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ فعل امر　ب۔ فعل نہی　ج۔ فعل تام　د۔ فعل متعدی

(xiii) '' کاش '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ حرف ظرفیت　ب۔ حرف تمنا　ج۔ حرف بیان　د۔ حرف تحسین

(xiv) '' عبداللہ کھیلا '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ فعل معروف　ب۔ فعل مجہول　ج۔ فعل متعدی　د۔ فعل لازم

(xv) ''اسلم نے کھانا کھایا '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ ماضی قریب　ب۔ ماضی بعید　ج۔ ماضی مطلق　د۔ ماضی شکیہ

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر : 15　حاصل کردہ نمبر: ______

StudentBounty.com 2010

# اُردو (لازمی) - ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (۲×۱۵=۳۰)

(i) حضرت عمرؓ ہجرت نبویؐ سے کتنے سال قبل پیدا ہوئے اور ان کے بچپن کے کیا مشاغل تھے؟

(ii) جنگ عظیم اوّل کے بعد انگریزوں نے ترکی سے کیا سلوک کیا؟

(iii) ''مسدس'' پر سب سے زیادہ اعتراضات کن لوگوں نے کیے اور ان کا کیا نتیجہ نکلا؟

(iv) خواجہ حیدر علی آتش کے شاگرد بنارس جانے کے لیے اجازت لینے آئے تو خواجہ صاحب نے کیا کہا؟

(v) اہل عرب کو ابتدا میں سفر کرنے میں کون سی مشکلات پیش آتی تھیں؟

(vi) قرض ادا ہونے پر جب خان صاحب چھوٹ کر آئے تو بچوں نے کس طرح خوشی کا اظہار کیا؟

(vii) رضیہ نے ماں کو باپ کے علاج کے لیے کتنے پیسے دیے تھے اور وہ یہ رقم کہاں سے لائی تھی؟

(viii) سگو اور جگو کی کون سی باتیں بیگم تراب علی نے سُن لیں؟

(ix) فاطمہ میدان جنگ میں کیا خدمات سرانجام دیتی تھی؟

(x) صاحب بہادر کیا چیز کھا رہے تھے جب منیجر اور بٹلروں کو بہت ہنسی آئی اور کیوں؟

(xi) شاعر نے ''ربِّ کائنات'' میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟

(xii) نعت ''محسنؐ انسانیت'' میں تہذیب وتمدن کو مؤدب کرنے سے کیا مُراد ہے؟

(xiii) نظم ''نمودِ صبح'' کے مطابق صبح کے سماں کی منظر کشی اپنے الفاظ میں کیجیے۔

(xiv) نظم ''صدیقؓ'' کے مطابق حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ نے کتنا مال راہِ حق میں پیش کیا؟

(xv) نظم ''گھروں کے نام'' میں 'بلبلیں' اور 'بلبلے' سے کیا مُراد ہے؟

(xvi) جاپان کے لوگوں میں تحفہ دینے کی رسم کس قسم کی ہے؟

(xvii) **کلیت** اور **عرف** کی تعریف لکھیں اور ایک ایک مثال دیں۔

(xviii) مرا جی ہے جب تک، تری جستجو ہے — زباں جب تلک ہے، یہی گفتگو ہے
اس شعر میں ردیف اور قافیہ لکھیں۔

(xix) ''**تنگ**'' اور ''**اندیش**'' کے سابقے/لاحقے سے ایک ایک لفظ بنائیے۔

ب: اپنے سکول کے پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام جُرمانہ معافی کی درخواست لکھیں۔ (۵)

StudentBounty.com 2010

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ (۵=۴+۱/۲+۱/۲)

الف: میں نے کہا، ''اچھا کرلوں گا ! مگر مجھ پر آنے جانے میں وقت کی قید نہ لگائی جائے۔ میں چاہے جس وقت آؤں چاہے جس وقت جاؤں، کام کروں یا بیکار بیٹھا رہوں ، کوئی اعتراض نہ ہو ۔ میں اس کا ذمہ دار ہوں گا کہ حوض لبالب رہے اور پانی ٹوٹنے نہ پائے''۔

ب: ہم قواعد و ضوابط سے واقف نہیں لیکن جو کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا ، اسی کی قسم کھا کر عرض کرتے ہیں کہ درحقیقت کرکٹ صرف ایک ہی شخص کھیلتا ہے ، مگر اس کھیل میں یہ وصف ہے کہ بقیہ اکیس حضرات سارے سارے دن اس مغالطے میں مگن رہتے ہیں کہ وہ بھی کھیل رہے ہیں۔

**سوال نمبر۴:** شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (۵=۲+۲+۱/۲+۱/۲)

الف:

اُس کا آنا تھا کہ جنّت کے دریچے کُھل گئے
ابرِ رحمت اس قدر برسا کہ چہرے دُھل گئے
جس نے بخشے زندگی کو حوصلے اور ولولے
وہ نظر صلِ علیٰ ، ٹوٹے ہوئے دل جُڑ گئے

ب:

خودی میں ڈوب جا غافل! یہ سِرِّ زندگانی ہے
نکل کر حلقۂ شام و سحر سے جاوداں ہو جا
گزر جا بن کے سیلِ تُند رو،کوہ و بیاباں سے
گلستاں راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا

**سوال نمبر۵:** شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: (۵=۲+۲+۱/۲+۱/۲)

الف۔

موت کا ایک دن مُعیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

ب۔

تمنا ہے تیری ، اگر ہے تمنا
تری آرزو ہے، اگر آرزو ہے

ج۔

سازِ ہستی کی صدا،غور سے سُن
کیوں ہے یہ شور بپا،غور سے سُن

**سوال نمبر۶:** دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں: (۱۰)

الف۔ صبح کی سیر

(i) سیر و تفریح (ii) سہانا منظر (iii) سیر میں باقاعدگی
(iv) قابلِ قدر عادت (v) صبح کی سیر کی اہمیت

ب۔ حضرت محمد ﷺ

(i) ولادت باسعادت (ii) خاندان (iii) اعلانِ نبوت
(iv) تبلیغ دین (v) خاتم النبیین